**D**

**CCE PR**

**Revised & Un-Revised**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್, 2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, JUNE, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 22. 06. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 22. 06. 2018 ] **Code No. : 12-U**

**ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125

[ **Max. Marks : 125**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | 15 × 1 = 15 |
| 1. | حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟ | |
| | جواب : حضورؐ نے ''قصوا'' نامی اونٹنی پر سوار ہو کر حج ادا کیا۔ | 1 |
| 2. | آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟ | |
| | جواب : آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت جیلانی بانو سے دریافت کی۔ | 1 |
| 3. | پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا اِملا کس طرح لکھا کرتے تھے ؟ | |
| | جواب : پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا اِملا ''لال'' کو ''الف'' سے نہیں بلکہ ''ع'' سے لکھتے تھے۔ (پنڈت جواہرلعل نہرو) | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .4 | پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں کس کو دی گئیں ؟ | |
| | جواب : پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں آئی بنک کو دے دی گئیں۔ | 1 |
| .5 | تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : تاریخ میں آج بھی عدالت کی ناانصافی کا ماتم کیا جاتا ہے۔ | 1 |
| .6 | پطرس بخاری کے پڑوسی کا نام کیا تھا ؟ | |
| | جواب : پطرس بخاری کے پڑوسی کا نام لالہ کرپاشنکر جی (برہمچاری) تھا۔ | 1 |
| .7 | خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟ | |
| | جواب : امیر خسرو نے کم عمری میں ''خطاطی'' کا فن سیکھا۔ | 1 |
| .8 | دمِ وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے ؟ | |
| | جواب : دمِ وداع شاعرہ اللہ تعالیٰ سے بخشش کی طلبگار ہے۔ | 1 |
| .9 | کلیاں کب ہنس پڑتی ہیں ؟ | |
| | جواب : صبح کی ہوا جب منہ دکھاتی ہے تو کلیاں ہنس پڑتی ہیں۔ | 1 |
| .10 | نظم ''جگنو'' میں شاعر کو کس نے پالا تھا ؟ | |
| | جواب : نظم ''جگنو'' میں شاعر کو کھلائیوں اور دائیوں نے پالا تھا۔ | 1 |
| .11 | بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں ؟ | |
| | جواب : بلدیہ والے مچھر مار کر شہر کی صفائی کرتے ہیں۔ | 1 |
| .12 | روزانہ مصنف کے جاگنے کا معمول کیا تھا ؟ | |
| | جواب : روزانہ مصنف صبح دس بجے جاگتے تھے۔ | 1 |
| .13 | خسرو نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟ | |
| | جواب : امیر خسرو نے ابتداء میں سلطانی تخلص اختیار کیا۔ | 1 |
| .14 | آزاد نظم کسے کہتے ہیں ؟ | |
| | جواب : آزاد نظم کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں۔ | 1 |
| .15 | چار مصرعوں والی نظم کیا کہلاتی ہے ؟ | |
| | جواب : چار مصرعوں والی نظم رباعی کہلاتی ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا **تین** جملوں میں لکھئے : | 12 × 2 = 24 |
| 16. | زعفران کی اچھی نشو ونما کے لئے کونسا موسم سازگار رہوتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | زعفران کی کاشت کے لئے ہلکی دھوپ اور راتوں میں نمی ضروری ہے۔ | 1 |
| | تیس سے چالیس سنٹی میٹر بارش درکار رہوتی ہے۔ | 1 |
| 17. | موسیقی کی دُنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | امیر خسرو نے ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر ایجاد کئے۔آپ سروں کے مُوجِد کہلائے۔ | 1 |
| | قوالی کی طرز، آلۂ موسیقی ستار آپ کی ایجادات ہیں۔ | 1 |
| 18. | زعفران کے پودے کو دائمی پودا کہنے کی وجہ کیا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | زعفران گھنٹیوں سے اُگتے ہیں۔ان کو ایک بار زمین میں بونے کے بعد کم سے کم آٹھ اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سال کی مدت تک اس سے فصل حاصل کی جاسکتی ہے۔ | 1 |
| | اس خصوصیت کی وجہ سے یہ دائمی پودا کہلاتا ہے۔ | 1 |
| 19. | امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | امیر خسرو قومی یکجہتی کے پیامبر تھے۔وہ ہندوؤں کو دوسرے مذاہب کے پیروؤں کے مقابلے میں ترجیح دیتے تھے۔ | 1 |
| | وہ چاروں ویدوں میں بیان کئے گئے حقائق ومعارف کی باتوں کا احترام کرتے تھے۔وہ اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کہا کرتے تھے۔ | 1 |
| 20. | بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟ | |
| | جواب : | |
| | موسم بہار کے آنے سے سارا ماحول خوش گوار ہوجاتا ہے۔پہاڑوں کی برف پگھلنے لگتی ہے۔ | 1 |
| | پہاڑوں سے پانی بہہ کر ندی بنتی ہے۔ندی سمندر سے جاملتی ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 21. | شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | شاعر فراقؔ گورکھپوری کی ماں آپ کی پیدائش کے ساتھ چل بسی ۔ آپ کو کھلائیوں اور دائیوں نے پالا تھا ۔ | 1 |
| | دائی کی باتیں یاد آتی ہیں کہ ننھے جگنو بھٹکتی ہوئی روحوں کو راہ دکھلاتے ہیں ۔ یہ جھوٹ تھا مگر حسین تھا ۔ اس سے شاعر کے بے چین دل کو قرار ملتا تھا ۔ | 1 |
| 22. | مُلک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | زمینی لکیروں سے انسان جغرفیائی حدود میں بٹ گیا ہے | 1 |
| | جس کی وجہ سے انسانی آزادیاں ختم ہوگئیں اور ترقی میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ۔ | 1 |
| 23. | تلوک چند محرومؔ رباعی میں کس بات کا پیغام دے رہے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | شاعر تلوک چند محرومؔ مذہب کی حقیقت کو بیان کرتے ہیں کہ مذہب نیکی ، اچھا عمل اور سچّائی کا پیام دیتا ہے ۔ | 1 |
| | لوگ مذہب کے نام پر لڑائی کرتے ہیں مگر ہر مذہب صُلح اور دوستی کا پیغام دیتا ہے ۔ | 1 |
| 24. | ودیا چرن جی کون تھے اور ان کا کارنامہ کیا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ودیا چرن جی کٹر بنیاد پرست سیاستدان تھے ۔ | 1 |
| | ان کا کارنامہ یہ تھا کہ وہ جہاں بھی جاتے ایک چنگاری بھڑکا کر چلے جاتے تھے ۔ | 1 |
| 25. | مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟ | |
| | جواب : | |
| | واہ ! صبح کا وقت کیا ہی سہانا اور روح افزا ہوتا ہے ۔ | 1 |
| | لالہ جی جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے ۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درخت پھولوں کے گہنے کب پہنتے ہیں ؟ | .26 |
| | جواب : | |
| 1 | بہار کے آنے سے ہر پھول سُرخ لباس پہنتا ہے۔ | |
| 1 | اس وقت یوں معلوم ہوتا ہے گویا شجر کے جسم پر بھی خوشنما پھولوں کے گہنے ہیں۔ | |
| | شاعر دلاور فگار نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا ہے ؟ | .27 |
| | جواب : | |
| 1 | مچھر نے انسان کو انسان کا قاتل اس لئے کہا ہے کیونکہ ایک انسان دوسرے انسان کی مجبوری کا فائدہ اُٹھاتا ہے۔ | |
| 1 | سود کی شکل میں دوسرے انسان کا خون چوستا ہے جبکہ مچھر کے ہاتھ میں خنجر بھی نہیں ہے۔ | |
| 8 × 3 = 24 | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : | |
| | متن کے حوالے سے تشریح : | |
| | ''یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے'' | .28 |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ مولانا ابوالکلام آزادؔ کے بیانات کا مجموعہ ''قول فیصل'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | مولانا آزادؔ نے یہ بات انگریزی حکومت سے متعلق کہی۔ | |
| 1 | ان کے نزدیک کم سے کم اور نرم سے نرم الفاظ میں انگریزی حکومت کی یہی تعریف تھی۔ | |
| | ''ہمیں ایک ہو کر خون خرابے کی سیاست اور بے ایمانی کو مٹانا ہے'' | .29 |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ زہرہ جمال کے لکھے افسانہ ''درشٹی'' سے مشتق ہے۔ | |
| 1 | یہ جملہ مولانا رجب نے لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا۔ | |
| 1 | ودیا چرن جی سے ایکتا، اہنسا کی باتوں کو سُن کر مولانا رجب بھی صوفیوں اور ولیوں کی سی باتیں کرنے لگے تھے۔ | |
| | ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا'' | .30 |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ سبق پطرس بخاری کا مزاحیہ مضمون ''سویرے جو کل میری آنکھ کھلی'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | یہ جملہ لالہ جی نے مصنف سے کہا۔ | |
| 1 | مصنف نے لالہ جی سے پوچھا تھا کہ ابھی تک اُجالا کیوں نہیں ہوا۔ کیونکہ لالہ جی مصنف کو رات کے تین بجے جگا گئے تھے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ذیل میں دیئے گئے دونثر نگاروں میں سے کسی **ایک** کا تعارف لکھئے : | |
| 31. | (i) آداجعفری　　(ii) سید سلیمان ندوی | |
| | جواب : | |
| | (i) **آداجعفری** | |
| | ☆ نام - عزیز جہاں اور آدا تخلص تھا۔ | 1 |
| | ☆ پیدائش - بدایوں شہر میں 22 اگست 1926ء۔ شادی کے بعد کراچی منتقل ہوئیں۔ | |
| | انتقال 12 مارچ 2015 کو کراچی میں ہوا۔ | 1 |
| | ☆ مجموعہ کلام - (i) پہلا شعری مجموعہ ''میں ساز ڈھونڈتی رہی'' | 1 |
| | (ii) ''غزالاں تم تو واقف ہو'' | |
| | (iii) ''شہر سخن بہانہ ہے۔'' | |
| | (iv) ''شہر درد'' وغیرہ ہیں۔ | |
| | ☆ آپ اچھی نثر نگار بھی تھی۔ | |
| | (ii) **سید سلیمان ندوی** | |
| | ☆ نام - سید سلیمان ندوی | |
| | ☆ پیدائش - ریاست بہار کے پٹنہ ضلع کے ایک مشہور چھوٹے گاؤں دسنہ میں 1884ء کو پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | ☆ ایک جید عالم، مؤرخ اور محقق تھے۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ | |
| | 1953ء کو انتقال کیا۔ | 1 |
| | ☆ ان کی مشہور تصانیف حسبِ ذیل ہیں : | 1 |
| | (i) ارض القرآن | |
| | (ii) رحمتِ عالم | |
| | (iii) حیاتِ شبلی | |
| | (iv) خطباتِ مدراس | |
| | (v) نقوشِ سلیمانی | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 32. | ذیل میں کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) میر انیسؔ (ii) علّامہ اقبالؔ | |
| | جواب : | |
| | **(i) میر انیسؔ** | |
| | ☆ نام - میر ببر علی، قلمی نام میر انیسؔ | 1 |
| | ☆ پیدائش - 1802ء فیض آباد میں پیدا ہوئے۔ 72 سال کی عمر میں 1874ء کو انتقال ہوا۔ | |
| | ☆ تعلیم - تعلیم و تربیت فیض آباد میں ہوئی۔ انہوں نے فارسی، عربی، دینی علوم، علم نجوم، علم رمل اور فنِ سپہ گری وغیرہ میں مہارت حاصل کی۔ | 1 |
| | ☆ خصوصیات - کلام فصاحت، سلاست، روانی اور بے ساختگی کا بہترین نمونہ ہیں۔ انہیں الفاظ کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | **(ii) علّامہ اقبالؔ** | |
| | ☆ نام - شیخ محمد اقبال، تخلص اقبالؔ | 1 |
| | ☆ پیدائش - 1877ء (1875ء) سیالکوٹ، وفات 1938ء لاہور۔ | |
| | ☆ اعلیٰ تعلیم - لاہور، لندن اور جرمنی گئے۔ بیرسٹری اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں حاصل کیں۔ | |
| | ☆ کلام کے اہم جُز - مسلمانوں میں نئی روح پھونکی، فلسفہ خودی اور اسلامی نظریات کی تفسیر۔ آپ کو شاعرِ مشرق بھی کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شعری مجموعے - بانگِ درا، بالِ جبرئیل، ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز ہیں۔ | 1 |
| | اشعار کی تشریح : | |
| 33. | یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے<br>قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے | |
| | جواب : | |
| | اس شعر میں شاعر اصغرؔ گونڈوی کہتے ہیں کہ یہ حقیقت عقل پر واضح نہیں ہوتی جبکہ عشق سب کچھ جانتا ہے۔ | 1 |
| | وہ قطرہ میں سمندر کی گہرائی کو بھانپ لیتا ہے اور تنکے کو دیکھ کر بیاباں کی وسعت کا اندازہ لگا لیتا ہے۔ | 1 |
| | یعنی جو کام عقل نہیں کر سکتی وہ عشق کر جاتا ہے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ذ راسا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا | .34 |
| | وہی ''لن ترانی'' سُنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| 1 | یہ شعر علاّمہ اقبالؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | شاعر کہہ رہے ہیں کہ اے خدا ! میں ایک ننھی سی جان ہوں مگر تُو میری شوخی کو دیکھ۔ | |
| 1 | میں وہی بات تجھ سے سننا چاہتا ہوں جو تو نے حضرت موسیٰؑ سے کہی تھی یعنی ''تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا۔'' | |
| | یہ اپنی وفا کا عالم ہے، اب ان کی جفا کو کیا کہئے | .35 |
| | اک نشتر زہر آگیں رکھ کر، نزدیک رگِ جاں بھول گئے | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں شاعر اسرارالحق مجاز کہتے ہیں۔ میری وفا بھی دیکھو اور میرے محبوب کی بے وفائی بھی۔ | |
| 1 | میرا محبوب میری رگِ جاں کے نزدیک زہر سے بھرا نشتر رکھ دیا اور | |
| 1 | ستم یہ کہ وہ اس بات کو بھول بھی گیا۔ | |
| 2 × 3 = 6 | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : | |
| | غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟ | .36 |
| | جواب : | |
| | حجتہ الوداع کے موقعہ پر غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا کہ تم جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ | |
| 1 | جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ | |
| 1 | ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ | |
| 1 | ان کے حق میں ہمیشہ انصاف کرو۔ | |
| | مرثیہ کسے کہتے ہیں اِس کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟ | .37 |
| | جواب : | |
| 1 | جس نظم میں مرحوم شخص کی تعریف یا مرنے والے کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں اُسے مرثیہ کہتے ہیں۔ | |
| 1 | مرثیے کی دو قسمیں ہیں۔ | |
| | (i) کربلائی مرثیہ | |
| 1 | (ii) شخصی مرثیہ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 4 × 4 = 16 | ذیل میں دیۓ گئے سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | |
| | حضورؐ نے حجۃ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟ | .38 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ذیقعدہ 10ھ میں ہر طرف منادی ہوئی کہ رسول اللہؐ اس سال حج کے ارادے سے مکہ معظّمہ تشریف لے جائیں گے۔ یہ خبر دفعتاً پورے عرب میں پھیل گئی۔ اور سارا عرب ساتھ چلنے کے لئے اُمنڈ آیا۔ | |
| 1 | ☆ ذیقعدہ کی 26 تاریخ کو آپؐ نے غسل فرمایا اور چادر تہمد باندھی اور ظہر کی نماز کے بعد مدینے سے باہر نکلے۔ | |
| 1 | ☆ مدینہ سے چھ میل پر ذوالحلیفہ کے مقام پر رات گزاری اور دوسرے دن دوبارہ غسل فرما کر دو رکعت نماز ادا کی اور | |
| 1 | ☆ احرام باندھ کر 'قصوا' نامی اونٹنی پر سوار ہوئے اور حج کے لئے روانہ ہوئے۔ | |
| | جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔ | .39 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ پنڈت جواہر لال نہرو کو اُردو سے دلی لگاؤ تھا۔ اُردو نہرو جی کی والدہ، اہلیہ، دادی اور نانی کی زبان تھی۔ آپ نے مولانا ابوالکلام آزاد سے اردو سیکھی۔ | |
| | ☆ پنڈت نہرو اپنے نام کا اِملا ''الف'' کے بجائے ''ع'' سے لکھتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ جمہوریۂ ہند کی آئین ساز اسمبلی میں اردو زبان کو قومی زبان کا درجہ دلانا چاہتے تھے | |
| 1 | ☆ جبل پور کے ایک کانگریسی سیٹھ گووند داس نے چلّا کر پوچھا اردو کس کی مادری زبان ہوسکتی ہے۔ پنڈت نہرو نے اسے چیخ کر جواب دیا- ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔'' | |
| 1 | ☆ فروری 1958ء کو انجمن ترقی اردو ہند کی کُل ہند کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے کہا۔ ''مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں وہ ایک جاندار زبان ہے۔ اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے اور شعر و شاعری کی جانب راغب ہوئے۔ وہ خوش الحان تھے۔ | |
| 1 | ☆ بچپن میں جب مشہور زمانہ عالم خواجہ عزالدین نے اُن کی شعری صلاحیت کا امتحان لیا تو آپ اس پر کھرے اُترے۔ | |
| | ☆ اُن کے سامنے فی البدیہہ شعر بھی سُنائے۔ اُن ہی کے مشورہ پر آپ نے سلطانی تخلص اختیار کیا۔ | |
| 1 | ☆ ان کے کلام کی مقبولیت سے درباری موسیقار اور رقاصائیں ان کی غزلیں گایا کرتی تھیں۔ | |
| 1 | ☆ آپ نے بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے۔ ان کی فرمائش پر مثنوی بھی لکھی۔ علاءالدین خلجی کے بیٹے مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی ''نہ سپہر'' لکھی۔ | |
| | ☆ انہوں نے موسیقی میں نئے سُر ایجاد کئے۔ وہ مختلف سروں کے موجد تھے۔ آلہ موسیقی ''ستار'' انہیں کی ایجاد ہے۔ | |
| 1 | ☆ اپنے ہم عصر مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر موسیقی میں ''نائک'' کا خطاب حاصل کیا۔ | |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' یا ''نعت'' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔ | 40. |
| | جواب : | |
| | حمد کے کوئی چار اشعار : | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | رضا تیری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |
| | دمِ وداع ہے صغریٰ کو بخش دے یارب | |
| | تو یومِ دیں کا مالک، حساب تیرا ہے | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نعت کے کوئی چار اشعار : | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے ، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| 1 | سینوں میں عداوت جاگ اٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | |
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں بر آئیں | |
| 1 | اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چَرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | |
| | اللہ سے رشتہ کو جوڑا، باطل کے طلسموں کو توڑا | |
| | جو وقت کے دھارے کو موڑا، طوفان میں سفینے تیرائے | |
| | تلوار بھی دی قرآں بھی دیا، دنیا بھی عطا کی عقبیٰ بھی | |
| | مرنے کو شہادت فرمایا، بے چین دلوں کے کام آئے | |
| | عورت کو حیا کی چادر دی، اور غیرت کا غازہ بخشا | |
| | شیشوں میں نزاکت پیدا کی، کردار کے جوہر چمکائے | |
| | توحید کا دھارا رُک نہ سکا، اسلام کا پرچم جھک نہ سکا | |
| | کفار بہت کچھ جھنجھلائے، شیطان ہزاروں بل کھائے | |
| | اے نام محمدؐ صلی علیٰ، ماہرؔ کے لئے تو سب کچھ ہے | |
| | ہونٹوں پہ تبسم بھی آیا آنکھوں میں بھی آنسو آئے | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .41 | کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھئے : | |
| | (i) رشوت (ii) جگنو | |
| | جواب : | |
| | (i) **رشوت** | |
| | ☆ رشوت نظم کے شاعر جوشؔ ملیح آبادی نے سماج کے ایک مسئلہ کو اُجاگر کر کے اس کے تدارک کی کامیاب کوشش کی ہے۔ حالات حاضرہ بھی شاہد ہیں کہ موجودہ دور میں چور بازاری، بے ایمانی، بے ضمیری اور رشوت خوری عروج پر ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کا خیال ہے کہ رشوت خوری دراصل انسانیت کے خلاف ایک جنگ ہے اور رشوت خوروں کے قول و فعل میں تضاد ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کہتا ہے جب ان رشوت خوروں سے رشوت کی عادت سے باز آنے کو کہا جائے تو جواب یہ ملتا ہے کہ ہم رشوت نہ لیں تو اپنا پیٹ کس طرح بھرینگے ؟ | 1 |
| | ☆ شاعر نے صلاح دی ہے کہ مہنگائی پر قابو پایا جائے، ملازمین کی تنخواہ جات میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ ملازمین اور صنعت کاروں کو استحصال سے بچایا جائے تو یہ لعنت یعنی رشوت اپنے آپ ختم ہو جائیگی۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | (ii) **جگنو** | |
| | ☆ جگنو نظم کے شاعر فراقؔ گورکھپوری ہیں۔ شاعر نے ایک کمسن بچے کی بے چینی، بے قراری اور اس کے احساسات کو بڑے ہی دکھ بھرے لہجے میں پیش کیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ چنانچہ بچہ کہتا ہے کہ جب میں پیدا ہوا تو میری قسمت دیکھئے کہ نہ میں نے اپنی ماں کو دیکھا اور وہ نہ مجھے دیکھ سکیں۔ دائیوں اور کھلائیوں نے مجھے پالا تھا۔ | 1 |
| | ☆ آج میں جوان ہو گیا ہوں تو بچپن کی یادیں اور وہ زمانہ یاد آتا ہے۔ دائی کی باتیں یاد آتی ہیں کہ ننھے جگنو بھٹکتی ہوئی روحوں کو راہ دکھلاتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ اب مضحکہ خیز لگتا ہے۔ اس کے باوجود وہ جھوٹ بھی حسین تھا۔ کیونکہ اس جھوٹ سے میرے بے چین دل کو قرار ملتا تھا۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **حصّہ - ب/PART-B** | |
| | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : | 10 × 1 = 10 |
| 42. | اردو شاعری کی مقبول صنف کہلاتی ہے۔<br>(A) افسانہ (B) غزل<br>(C) رباعی (D) مرثیہ<br>جواب : (B) غزل | |
| 43. | وہ جملہ جس میں کہنے والے کے خیال، خواہش یا جذبے کا ذکر ہو۔<br>(A) جملۂ خبریہ (B) جملۂ اسمیہ<br>(C) جملۂ انشائیہ (D) جملۂ فعلیہ<br>جواب : (C) جملۂ انشائیہ | |
| 44. | نچ حسنِ تعین سے، ظاہر ہو کہ باطن ہو<br>یہ قید نظر کی ہے، وہ فکر کا زنداں ہے<br>درجِ بالا شعر میں یہ صنعت استعمال کی گئی ہے۔<br>(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ استعارہ<br>(C) صنعتِ تشبیہہ (D) صنعتِ تضاد<br>جواب : (D) صنعتِ تضاد | |
| 45. | ''پرنسپل نے ساری زندگی تاریخ پڑھی اور پڑھائی تھی۔'' یہ جملہ ہے۔<br>(A) سببی (B) وصلی<br>(C) تردیدی (D) استدراکی<br>جواب : (B) وصلی | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .46 | ان میں مضمون کا جُز نہیں ہے۔<br>(A) توحید (B) تمہید<br>(C) نفسِ مضمون (D) خاتمہ<br>جواب : (A) توحید | |
| .47 | سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔<br>(A) ناپاک (B) روشناس<br>(C) یتیم خانہ (D) جہاں گیر<br>جواب : (A) ناپاک | |
| .48 | رباعی کا کونسا مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے ؟<br>(A) پہلا مصرعہ (B) دوسرا مصرعہ<br>(C) تیسرا مصرعہ (D) چوتھا مصرعہ<br>جواب : (D) چوتھا مصرعہ | |
| .49 | ''بھرت نارائن کی درشٹی کا کمال تھا ورنہ ودیا چرن جی اندھے ہی رہ جاتے۔'' یہ جملہ ہے۔<br>(A) تردیدی (B) وصلی<br>(C) سببی (D) تلمیح<br>جواب : (A) تردیدی | |
| .50 | ''غالبؔ کے اشعار قدرے <u>آسان</u> ہوتے ہیں۔'' اس جملے میں خط کشیدہ لفظ کی ضد ہے۔<br>(A) سادگی (B) سیدھے<br>(C) تیڑھے (D) مشکل<br>جواب : (D) مشکل | |
| .51 | ان میں مرکب جملہ ہے۔<br>(A) عورتوں کے بارے میں خدا سے ڈرو (B) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے<br>(C) رات گذاری (D) منادی ہوئی<br>جواب : (B) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 4 × 1 = 4 | پہلے دولفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے : | |
| | جگنو : فراق گورکھپوری :: درشٹی : .................. ۔ | .52 |
| | جواب : زہرہ جمال | |
| | بندہ : غلام :: بدلہ : .................. ۔ | .53 |
| | جواب : انتقام | |
| | راہ پہ لانا : سیدھا راستہ بتانا :: بھسم کردینا : .................. ۔ | .54 |
| | جواب : جلا دینا/تباہ وبرباد کرنا | |
| | اللہ تعالیٰ کی تعریف : حمد :: مرحوم شخص کی تعریف : .................. ۔ | .55 |
| | جواب : مرثیہ | |
| 3 × 2 = 6 | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | |
| | مترادفات لکھئے : | .56 |
| | (i) لہو | |
| | (ii) آفت | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) خون | |
| 1 | (ii) مصیبت، مشکل | |
| | ان ہم آواز الفاظ کے معانی لکھئے : | .57 |
| | (i) آلہ | |
| | (ii) اعلیٰ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) اوزار | |
| 1 | (ii) بہت بلند | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اضداد لکھئے : | .58 |
| | (i) نیک مزاج | |
| | (ii) شب | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) بدمزاج | |
| 1 | (ii) روز | |
| 2 × 3 = 6 | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : | |
| | صنعتِ تشبیہہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | .59 |
| | جواب : | |
| 1 | کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اسے تشبیہہ کہتے ہیں۔ | |
| 1 | تشبیہہ کے لئے جیسا، ایسا، جیسے، ایسے، مانند وغیرہ حروف تشبیہہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ | |
| | مثلاً کوئی دم کا مہمان ہوں اے اہل محفل | |
| 1 | چراغِ سحر ہوں، بجھا چاہتا ہوں | |
| | صنعتِ استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔ | .60 |
| | جواب : | |
| | ایسا شعر جس میں کسی لفظ کے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں | |
| 1 | تعلق تشبیہہ کا ہو تو اس کو ''استعارہ'' کہتے ہیں۔ | |
| 1 | استعارہ لفظ مستعار سے مشتق ہے جس کے معنی ادھار لینے کے ہیں۔ | |
| | مثال : کوئی دم کا مہمان ہوں اے اہلِ محفل | |
| 1 | چراغِ سحر ہوں، بجھا چاہتا ہوں | |
| | **یا** | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔ | |
| | مثلاً : اماں ملازمہ تھیں۔ | 1 |
| | ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہوں۔ جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ | 1 |
| | مثلاً : بچہ روتا ہے۔ | 1 |
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| 61. | اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں مناسب وجہ بتاتے ہوئے چار دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔ | 1 × 5 = 5 |
| | جواب : | |
| | i) تاریخ اور شہر کا نام | 1 |
| | ii) القاب | 1 |
| | iii) عرض مدعا (مختصر) | 1 |
| | iv) خط کا اصل مضمون/چھٹی کی درخواست | 1 |
| | v) اختتام | 1 |
| | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر کرتے ہوئے انہیں شرکت کی دعوت دیں۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) تاریخ اور شہر کا نام | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 1 | iii) خط کا موضوع اور اظہارِ خیال | |
| 1 | iv) اختتام | |
| 1 | v) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ | |
| 1 × 5 = 5 | کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : | .62 |
| | (i) روزمرّہ زندگی میں موبائل فون کی ضرورت | |
| | (ii) جنگلات کی اہمیت | |
| | جواب : | |
| | (i) **روزمرّہ زندگی میں موبائل فون کی ضرورت** | |
| 1 | تمہید - کسی شعر فقرہ یا قول سے دلچسپ اور مختصر عبارت۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) موبائل فون کے فائدے | |
| 1 | (ii) استعمال/ضرورت | |
| 1 | (iii) نقصانات کا ذکر | |
| 1 | اختتام/خاتمہ - ذاتی رائے اور فکر کا اظہار | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **جنگلات کی اہمیت** | |
| 1 | تمہید - کسی قول، فقرہ یا شعر سے مختصر تمہید۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) جنگلات کی اہمیت | |
| 1 | (ii) جنگلات سے فائدے | |
| 1 | (iii) جنگلات کے کاٹنے سے نقصانات | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ - ذاتی رائے اور فکر کا اظہار | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر مطلوب جوابات مختصر لکھئے : | |
| | عبدالکلام کے والدین کی خواہش تھی کہ وہ کلکٹر بنیں۔ وہ خود ایرفورس میں پائلٹ بننا چاہتے تھے، لیکن حالات نے انہیں راکٹ انجینئر بنا دیا۔ ہوائی جہاز سے متعلق سائنس اور تکنالوجی کے میدان میں نمایاں کارکردگی کی خواہش عبدالکلام کے دل میں بچپن ہی سے تھی۔ بقول عبدالکلام ''میں چھٹی جماعت میں پڑھتا تھا اس وقت میرے بڑے بھائی ایک تمل اخبار کو گھر گھر بانٹنے کا کام کرتے تھے۔ ایک دن انہیں کوئی کام پڑ گیا۔ اخبار بانٹنے کی باری میری آئی بانٹنے سے فرصت ملی تو اخبار پڑھا۔ اس میں دوسری جنگِ عظیم کے مشہور بم برسانے والے جہاز ''اسپٹ فائیر'' سے متعلق ایک مضمون تھا جسے میں نے بڑے انہاک سے پڑھا۔ اس چھوٹی سی عمر میں میرے دل میں ''اسپٹ فائیر'' کی تصویر گہری ہوگئی اور میں نے سوچا کہ ''مجھے بھی ایسا کچھ کرنا چاہیئے۔'' | .63 |
| | سوالات : | |
| | (i) عبدالکلام کے والدین انہیں کیا بنانا چاہتے تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | عبدالکلام کے والدین کی خواہش تھی کہ وہ کلکٹر بنیں۔ | |
| | (ii) عبدالکلام کے بھائی کیا کام کرتے تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | عبدالکلام کے بھائی ایک تمل اخبار کو گھر گھر بانٹنے کا کام کرتے تھے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (iii) ''اسپٹ فائیر'' جہاز کا استعمال کہاں ہوا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | دوسری جنگ عظیم کے مشہور بم برسانے والا جہاز ''اسپٹ فائیر'' ہے۔ | |
| | (iv) ''اسپٹ فائیر'' پر مضمون پڑھنے کے بعد عبدالکلام نے کیا سوچا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | عبدالکلام نے سوچا کہ ''مجھے بھی ایسا کچھ کرنا چاہیئے''۔ | |
| | نوٹ : خط کشیدہ جملوں کے مطابق نشانات دیئے جائیں۔ | |